# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 25 جون 2020ء بمطابق 3 ذیقعد 1441ہجری بعد از دوپہر تین بجے پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، محمود جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

یَوۡمَ تُقَلَّبُ وُجُوۡهُهُمۡ فِی النَّارِ یَقُوۡلُوۡنَ یٰلَیۡتَنَاۤ اَطَعۡنَا اللّٰهَ وَاَطَعۡنَا الرَّسُوۡلَا O وَقَالُوۡا رَبَّنَاۤ اِنَّاۤ اَطَعۡنَا سَادَتَنَا وَکُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوۡنَا السَّبِیۡلَاO رَبَّنَاۤ اٰتِهِمۡ ضِعۡفَیۡنِ مِنَ الۡعَذَابِ وَالۡعَنۡهُمۡ لَعۡنًا کَبِیۡرًاO یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَکُوۡنُوۡا کَالَّذِیۡنَ اٰذَوۡا مُوۡسٰی فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوۡا ؕ وَکَانَ عِنۡدَ اللّٰهِ وَجِیۡهًا O یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوۡلُوۡا قَوۡلًا سَدِیۡدًا ۙ O یُّصۡلِحۡ لَکُمۡ اَعۡمَالَکُمۡ وَیَغۡفِرۡ لَکُمۡ ذُنُوۡبَکُمۡ ؕ وَمَنۡ یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ فَقَدۡ فَازَ فَوۡزًا عَظِیۡمًا۔

(ترجمہ) جس روز ان کے چہرے آگ پر الٹ پلٹ کیے جائیں گے اُس وقت وہ کہیں گے کہ "کاش ہم نے اللہ اور رسولؐ کی اطاعت کی ہوتی" ۔ اور کہیں گے "اے رب ہمارے، ہم نے اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کی اطاعت کی اور انہوں نے ہمیں راہِ راست سے بے راہ کر دیا۔ اے رب، ان کو دوہرا عذاب دے اور ان پر سخت لعنت کر" ۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اُن لوگوں کی طرح نہ بن جاؤ جنہوں نے موسیٰؑ کو اذیتیں دی تھیں، پھر اللہ نے اُن کی بنائی ہوئی باتوں سے اُس کی برأت فرمائی اور وہ اللہ کے نزدیک باعزت تھا۔ اے ایمان لانے والو، اللہ سے ڈرو اور ٹھیک بات کیا کرو۔ اللہ تمہارے اعمال درست کر دے گا اور تمہارے قصوروں سے درگزر فرمائے گا جو شخص اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرے اُس نے بڑی کامیابی حاصل کی۔ و آخِرُ الدَعوَانا أَنِ الحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِینَ۔

## اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: .Leaves applications۔جناب سراج الدین،ایم پی اے،25جون2020ء، بابر سلیم خان،25جون2020ء، شکیل بشیر خان،25جون2020ء، مسماۃ سومی فلک ناز صاحبہ،25جون 2020ء، ملیحہ علی اصغر خان صاحبہ، 25 جون 2020ء، حاجی انور حیات خان، 25تا 26 جون 2020ء، جناب مصور خان،25جون2020ء، آصف خان،25جون2020ء، پیر فدا25اور26جون 2020ء، مسماۃ عائشہ بی بی،25جون2020ء۔

Is it the desire of the house that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

ایک منٹ جی، محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ!

## رسمی کارروائی

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:Thank you، جناب سپیکر صاحب! کل میں نے یہاں پر ایک پوائنٹ آؤٹ کیا تھا، ایس ایس پی کو معطل کرنا یہ ایک بہت بڑا ناجائز قدم ہے، جو لوگ عمران الدین جو یکہ توت تھانے سے آتا ہے اور وہ عمران کو اٹھا کر عامر تہکالی کو لیکر جاتا ہے، پھر اس کی Voice messages بھی گروپس میں شیئر ہوتی ہیں، چې هلکه سړي مو بربنډ کړے دے او راشه مبارک دې شه، اس طرح تہکال کا ایس ایچ او، سر، ان دونوں کو ابھی تک گرفتار کیوں نہیں کیا گیا؟ ہمارے ایس ایس پی آپریشن کو کیوں معطل کیا گیا ہے، ہمارے ایس ایس پی آپریشن کا اس میں کیا قصور ہے؟ جناب سپیکر صاحب! وہ ایک اچھا ایماندار آدمی ہے، کام کرنے والا بندہ ہے جبکہ ایک تو یہ ہے کہ اس کے بھائی کا آپ انٹرویو دیکھیں تو وہ کہتا ہے کہ ڈی ایس پی اور دو ایس ایچ اوز اور ساتھ پولیس والے آئے تھے، ڈی ایس پی ابھی تک گرفتار کیوں نہیں ہوئے؟ عمران الدین اور شہریار ابھی تک گرفتار کیوں نہیں ہوا؟ میں آپ کی رولنگ چاہتی ہوں کہ ایس ایس پی کے بجائے یہ دو لوگ جو ہیں، ڈی ایس پی جو ہے، یہ کیسے بچ گیا ہے، ان تینوں کو گرفتار کرکے ان پر مقدمہ چلایا جائے کیونکہ ایک آدمی یکہ توت سے آتا ہے اور تہکال میں وہ Raid کرتا ہے، پھر اس کے بعد اس کے Voice messages چلتے ہیں، جناب سپیکر صاحب! میں اس فورم سے اس بات پر تنقید کرونگی کہ ایس ایس پی آپریشن کو کیوں معطل کیا گیا ہے؟ بجائے اس کے کہ ڈی ایس پی اور ان کے دو ایس ایچ اوز ابھی تک گرفتار کیوں نہیں کیا گیا؟ تین بندے جو ہیں، تین اہلکار جو ہیں جن کے تھانے

میں یہ سارا کچھ ہوا ہے، وہ بندے تو لاک اپ میں ہیں لیکن دونوں ایس ایچ اوز اور ڈی ایس پی ان کو صرف لائن حاضر کر دیا گیا ہے، کل اس کے یہی پیٹی بند ان کو بچا لیں گے، یہ چیز جو ہے، ہماری پولیس نے بہت قربانیاں دی ہیں، ہماری پولیس نے War on terrorism میں اتنی قربانیاں دی ہیں کہ ان دو ایس ایچ اوز اور ڈی ایس پی کو نوکری سے برخاست کریں جنہوں نے ہماری پولیس کو ایک داغ لگا دیا ہے۔ Thank you

جناب ڈپٹی سپیکر: جی لاء منسٹر!

جناب سلطان محمد خان (وزیر قانون): شکریہ، جناب سپیکر! چونکہ کل رات لیٹ تک اور آج صبح بھی اس کے اوپر چیف منسٹر صاحب خود بھی دیکھ رہے ہیں، آج صبح سے لیکر ابھی میں سیدھا اسمبلی آیا ہوں، تقریباً پانچ گھنٹے چیف سیکرٹری اور دیگر آفیشلز وہاں پر موجود تھے بلکہ معاملے کی سنگینی کا آپ اس سے اندازہ لگائیں کہ چیف منسٹر صاحب نے آئی جی کو فوراً وہاں پر اپنے آفس میں بلایا اور وہ حیات آباد میں تھے، ان کو فوراً وہاں سے کہا گیا کہ آپ سارے کام چھوڑ کر یہاں پر آپ آجائیں، ان کو وہاں پر بلایا گیا، میرے خیال میں یہ ایک بدقسمت واقعہ ہے، ہر طرف سے اس کو اگر آپ دیکھ لیں، ہر پہلو سے آپ اس کو دیکھ لیں تو یہ بدقسمتی سے بھرا ہوا ایک واقعہ ہے، اگر وہ دیکھ لیں کہ جس کے اوپر بعد میں یہ ظلم ہوا، اس نے جو الفاظ ادا کئے تھے، دو تین دن سے جو سوشل میڈیا کے اوپر چل رہا تھا، پولیس کے حوالے سے، پولیس آفیسرز کے حوالے، سے میرے خیال میں وہ بھی ہمارے کلچر کا کوئی حصہ نہیں ہے، نہ کوئی خوش ہونے والی بات ہے، اس نے جو حرکت کی تھی لیکن پھر اس سے بھی زیادہ بدقسمتی یہ ہوئی کہ اس کے ساتھ کس طریقے سے پھر ڈیل کیا گیا؟ میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہمارے پورے صوبے کے لئے ایک چیلنج ہے، اس وقت اس کو ہم کس طریقے سے اور حکومت کے لئے بھی ایک چیلنج ہے تاکہ ہم اپنے معاشرتی اقدار کو بھی بچائیں اور ایکشن بھی لیں، جس جس نے جہاں جہاں پر غلط کام کیا ہے، اس کو سزا بھی دے دی جائے۔ چونکہ پھر ٹائم زیادہ لگ جائے گا لیکن میں دو تین چیزیں ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں، آج ہم نے اور وزیر اعلیٰ صاحب نے فیصلے کئے ہیں، ایک تو سر یہ بحث تا قیامت جاری رہے گی، اگر حکومت خود اس کی انویسٹی گیشن کرے، میں بالکل فلور آف دی ہاؤس یہ بات کرنا چاہتا ہوں، اگر پولیس اس کے اوپر کمیٹی بنائے، انویسٹی گیشن کرے تو پھر بھی یہ بحث چلتی رہے گی، اگر ہوم ڈیپارٹمنٹ سے کروائیں تو پھر بھی یہ بحث چلتی رہے گی، اگر کیبنٹ ممبرز کی کمیٹی بنائیں تو پھر بھی یہ ہے، حکومت ایسی انویسٹی گیشن سے مطمئن نہیں ہوگی، میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ پھر بڑا فیصلہ آج چیف منسٹر صاحب نے کر لیا ہے، یہ معاملہ ہم نے ہائی کورٹ کو لکھ بھی دیا

ہے، جوڈیشل انکوائری ہائی کورٹ کے لیول پر ہم کروانے جارہے ہیں، (تالیاں) اب ہائی کورٹ کے ایک معزز جج یا معزز ججز صاحبان اس جوڈیشل انکوائری کو Conclude کرینگے، میرے خیال میں اپوزیشن کو ٹریژری کو اور صوبے کے تمام لوگ اس کے اوپر مطمئن ہونگے کہ ادھر جو بھی انہوں نے فیصلہ کیا، جس کے اوپر بھی انہوں نے اس کا Blame fix کیا تو میرے خیال میں اس میں کوئی وہ نہیں ہوگا۔ دوسری بات اگر آپ سن لیں، میرے خیال میں اگر حوصلے سے سن لیں تو۔۔۔۔۔

جناب عنایت اللہ: دیکھیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سلطان خان!

وزیر قانون: جناب، مجھے بات کمپلیٹ کرنے دیں، آپ اس کو بتائیں، میں کہیں بھاگ تو نہیں رہا ہوں، میں ادھر ہی بیٹھا ہوں، عنایت اللہ صاحب میرے لئے محترم ہیں، مجھے بات کمپلیٹ کرنے دیں، وہ بات بیچ میں رہ جاتی ہے، ہوسکتا ہے کہ آپ کا جواب میرے اس مکالمے میں آپ کو مل جائے۔ دوسری بات جو ہم نے کی ہے، ایکشن ہوا ہے، اس وقت ہم نے ایس ایس پی آپریشن کو سسپنڈ کر دیا ہے، اس کو Closed کر دیا ہے، سی سی پی کو، ٹھیک ہے، دوسرا ایس ایچ او جو تہکال تھانے سے Related ہے، اس کے خلاف ایف آئی آر بھی درج ہو گئی ہے اور جو دیگر اہلکار بھی تھے، جو ایشو میڈم نے اٹھایا ہے، یکہ توت پولیس سٹیشن کے ایس ایچ او کے بارے میں تو وہ بھی ڈسکس ہوا ہے، ہم نے فیصلہ اب یہ کرنا ہے کہ جو جوڈیشل انکوائری ہائی کورٹ کے معزز جج صاحب کی نگرانی میں ہوگی، اس میں جو بھی ملوث پایا، جس کے اوپر بھی Responsibility fix ہوئی، خواہ وہ کوئی بھی ہو، بڑے سے بڑا افسر ہو، چھوٹے سے چھوٹا افسر ہو، ہم اس کے اوپر یہ Responsibility fix کروائیں گے۔ اب میری آخر میں ایک ریکویسٹ ہے کہ ابھی آپ ذرا انتظار کر لیں، جوڈیشل انکوائری ہو جائے، انکوائری اس دن ہوگی، اس کے اوپر ایک ٹائم لائن ہوگی، میرے خیال میں اس صوبے میں سب سے Highest forum ہائی کورٹ ہے، اس سے زیادہ کوئی Highest forum نہیں، جب بھی یہ ہو جائے تو آپ کو یقین سے میں Assure کرا سکتا ہوں کہ اس وقت بھی As we speak، اس وقت چیف منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، اس معاملے کو وہ خود مانیٹر، تھوڑا سا آپ انتظار کر لیں، ہم نے آفیسرز کے اوپر ایف آئی آر کاٹ دی ہیں، ابھی جس بندے کی یا جس آفیسر کی آپ نے نشاندہی کی ہے، تھوڑا سا انتظار کر لیں، ہوسکتا ہے، ایکشن آپ کو دیکھتا ہوا نظر آئے، ہو سکتا ہے کہ آپ ادھر بیٹھے ہوئے ہوں آپ کو پتہ چل جائے، ذرا سا حوصلے سے آپ کام لیں۔ آخر میں ایک

بات میں ضرور کہونگا، یہ کالی بھیڑیاں ہیں، ادارے کو اور ان کالی بھیڑوں کو آپ نے الگ الگ رکھنا ہے، ہم نے اپنی پولیس کی قربانیوں کو بھی بھولنا نہیں ہے، اگر اس ہاؤس کے اندر کوئی غلط کام کرے، اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ یہ پورا ہاؤس اس کا ذمہ دار ہے، یہ پورے ہاؤس کے اوپر خدانخواستہ کوئی غلط، ہم نے اپنی پولیس فورس کے مورال کو بالکل اس کی حفاظت کرنی ہے، ہم نے پولیس فورس کے مورال کو High رکھنا ہے، قربانیاں انہوں نے دی ہیں، قربانیاں دے رہے ہیں، پولیسنگ کر رہے ہیں، میں Assure کرتا ہوں، پولیس فورس کی بھی اپنی جو Responsibilities ہیں وہ بالکل Carry on کرے، آپ کے ساتھ انصاف ہوگا، آپ کے ڈیپارٹمنٹ کے اندر ان لوگوں پر جو الزام یا جو غلط کام کسی نے کیا ہے، ان کے ساتھ انصاف ہوگا، بے انصافی یا غلط کام وہ کسی کے ساتھ نہیں ہوگا، Rest assured پورے ہاؤس کے ممبرز سے یہ کہتا ہوں کہ اس ایشو کو ہم ان شاء اللہ اپنے منطقی انجام تک پہنچائیں گے، Independent طریقے سے پہنچائیں گے، پولیس فورس کو بھی ہم حوصلہ دیں گے کہ وہ بھی اپنا اچھا کام کرتی ہے، وہ جاری رکھے، ایسے کالی بھیڑوں کو ہم سزا دیں کہ ہم ان کو پولیس فورس سے الگ کر سکیں۔ Thank you

جناب ڈپٹی سپیکر: جی عنایت صاحب!

جناب عنایت اللہ: جناب سپیکر! دیکھیں، مسئلہ صرف ایک واقعہ نہیں، میں ان سے ایگری نہیں کرتا ہوں، ایک پولیس ایکٹ پاس ہوا تھا، میں نے اس کمیٹی کو چیئر کیا تھا، ہم اس کو Own کرتے ہیں کہ وہ پولیس ایکٹ Implement نہیں ہوا ہے، میں اس لئے آپ کو تجویز دے رہا ہوں کہ اس معاملہ پر سب لوگوں کو بات کرنی چاہیئے، آگے آپ کے ہوم ڈیپارٹمنٹ کی کٹ موشن ہیں، پولیس کی الگ ہیں، ہوم ڈیپارٹمنٹ کی الگ ہیں، میرا خیال ہے اس ہوم ڈیپارٹمنٹ کے اندر ہم پولیس کو ڈسکس کرتے ہیں، اس کٹ موشن کو لے لیں، اس پر ہم بات کرتے ہیں، وہ ایکٹ آپ نے Implement نہیں کیا ہے، جب تک اس ایکٹ کو آپ Implement نہیں کرینگے یہ واقعات ہوتے رہیں گے، یہ کلچر ہے، یہ ایک Attitude ہے، (تالیاں) یہ ایک رویہ ہے جو اوپر جا رہا ہے کیونکہ پولیس نے اس ایکٹ کے ایک پارٹ کو Implement کر دیا اور جو باقی ایکٹ ہے اس کو Implement نہیں ہونے دیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شفیق آفریدی صاحب! بالکل مختصر، ایک دو منٹ میں بات کریں، جی شفیق آفریدی صاحب! شفیق آفریدی صاحب کا مائیک آن کریں، ان کا مائیک آن نہیں ہے۔

جناب شفیق آفریدی: شکریہ، جناب سپیکر! میرے علاقے سے بیس دن قبل ایک Newly appointed Teacher ڈی ای او کے پاس جاتا ہے، وہاں سے وہ غائب ہو جاتا ہے، بیس دن بعد اس کی لاش مل جاتی ہے، اس کے بارے میں بولا جاتا ہے کہ سی ٹی ڈی پولیس کے ساتھ مقابلے میں مارا گیا ہے، جناب سپیکر! اس پر ادھر تمام پارٹیوں کا متفقہ ایک دھرنا جاری ہے وہ تیسرے روز میں داخل ہوا ہے، فرنٹیئر روڈ جس کو پاک افغان ٹریڈ روٹ بھی کہا جاتا ہے، روزانہ ادھر دھرنا ہوتا ہے، ہم نے کوشش کی ہے، اس دھرنے والوں کی کمیٹی کے ساتھ ہم نے مذاکرات کے ذریعے تاکہ اس کا کوئی حل نکالیں، ڈی پی او کو بھی Engage کر دیا لیکن اس لیول کی بات نہیں ہے، اس کی جو ڈیمانڈ ہے وہ اوپر لیول کی ہے، سر! وہ تحقیقات بھی مانگتے ہیں، اس کی جس طرح لاء منسٹر صاحب نے جوڈیشل انکوائری کا بولا، وہ جوڈیشل انکوائری بھی مانگتے ہیں، اگر وہ بے گناہ ہے تو اس کے لئے پیکج وغیرہ کی بھی ڈیمانڈ کرتے ہیں، میں اس کے بارے میں اس ایوان کے ذریعے سے یہ بات آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ وہ لوگ روزانہ ادھر بیٹھتے ہیں اور دھرنا دیتے ہیں، پولیس کے بارے میں بھی میں بات کروں گا کہ یہ ٹھیک ہے کہ پچھلی گورنمنٹ کے ریفارمز کی وجہ سے ہمیں اس پر فائدہ بھی ملا ہے کہ پولیس بہت بہتر ہوئی ہے لیکن پنجاب کی پولیس ہمارے کے پی پولیس کو وہ مثالیں دے رہے تھے، ابھی وہ چیز ہماری پولیس نے ان سے کاپی کر دی، اگر اس طرح Extra Judicial killings ہوگی تو یہ لوگ پھر اجرت پر بھی قتل کرنا شروع کر دیں گے، اس علاقے میں Newly police کی ایک Stand ہوئی ہے، ڈیویلپمنٹل کے کام جو ہیں وہ ابھی تک ادھر گراونڈ پر پہنچے نہیں ہیں، اس کے بارے میں میں یہ درخواست کرتا ہوں کہ اس کے لئے کوئی بات کی جائے تاکہ یہ دھرنا ختم ہو، ادھر ہمیں بھی Force کرتے ہیں، آپ لوگ بات کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، آپ کا پوائنٹ آگیا، جی لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: سر! میرے خیال میں پولیس پر ڈیبیٹ پھر جب بھی ہو، ڈیمانڈ آئے گا تو اس وقت اس پر کارروائی کریں گے، پھر ہم ادھر ہی ڈیبیٹ کر لیں گے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس کے بعد جس طرح عنایت اللہ صاحب نے پوائنٹ آؤٹ کیا ہے کہ لاء ڈیپارٹمنٹ کی کٹ موشن ہے، اس پر اس وقت بات کر لیں گے۔

وزیر قانون: سر! اس پر Specific۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس پر بات کر لیں گے۔

وزیر قانون: میں بلاول صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں، انہوں نے اس پر بھی کوئی اچھی بات کرنی تھی لیکن بعد میں کر لیں گے، میں صرف اس Specific issue کے اوپر ہوم سیکرٹری کو ابھی ادھر سے ڈائریکٹ کر رہا ہوں کہ وہ وہاں سے فوراً، کیونکہ وہ کہہ رہے ہیں کہ کچھ لوگ احتجاج کے لئے بیٹھے ہیں، اس کی رپورٹ ہاؤس میں ہمیں دے دیں، وہاں پر خیبر کا ڈی سی جو ہے، اس کے ساتھ اس کو بھی ڈائریکٹ کر رہا ہوں، ہوم سیکرٹری صاحب سے کہہ رہا ہوں کہ وہ وہاں پر لوگوں کے ساتھ Engage کریں، اس پورے واقعے کی رپورٹ اس ہاؤس میں پیش کی جائے، جب رپورٹ آ جائے گی تو پھر میں آپ کو انفارم کر دوں گا۔ Thank you۔

## سالانہ مطالبات زر برائے مالی سال 21-2020 پر بحث اور رائے شماری

Mr. Deputy Speaker: Thank you Item No.4 Demands for grant and cut motions Demand No 7, Minister for Law, on behalf of Chief Minister.

سلطان محمد خان (وزیر قانون): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 73 کروڑ 67 لاکھ 73 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2021ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران آبکاری و محاصل کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 73 crore 67 lac 73 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges for the year ending 30th June 2021 in respect of Taxation and Narcotics Control.

‘Cut Motions’: on Demand No. 07: Janab Ahmad Kundi Sahib, to please move his cut motion.

جناب احمد کنڈی: سر! یہ تو Withdraw ہے، اس پر Decision ہو چکا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چلیں، آپ اب Withdraw کر دیں نا، کہہ دیں کہ Withdraw۔

Mr. Ahmad Kundi: Withdraw.

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سردار محمد یوسف صاحب۔

سردار محمد یوسف زمان: جی یہ ڈراپ ہو گئی ہے، اصل میں یہ-----

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ Withdraw کرتے ہیں؟

سردار محمد یوسف زمان: جی ہاں۔
جناب ڈپٹی سپیکر: Withdraw، جی ثوبیہ شاہد۔
محترمہ ثوبیہ شاہد: Thank you۔ جناب سپیکر! زه به پرې يو خبره کوم، فاټا کښې چې کوم دے ، مونږه د نون لیگ حکومت کښې ویئلی دی چې د لسو کالو د پاره به په فاټا باندې ټیکس نه وی او اوس هم د هغوی په بلونو کښې ټیکس راځی او دا کوم ګاډی چې ځی، د هغوی نه هم دوی پیسې اخلی، یو خو ترې ټیکس اخلی او بل ترې کمیشن هم اخلی، مختلف قسم خلق ورته اودریدلی وی، یو عام ټیکس په دې خلقو باندې کم دے خو په دې نورو باندې زیات دے-----
جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو Withdraw کوئ او که نه؟
محترمہ ثوبیہ شاہد: نو زه خوئے بالکل Withdraw کوم خو بیا هم د دې ایوان مخې ته دا خبره راولم چې ټول په دې باندې نظر ثانی اوکړئ او خاص کر د فاټا ممبران دې د دې د پاره خبره اوکړی۔
جناب ڈپٹی سپیکر: ثمر بلور صاحبہ!
Ms. Samar Haroon Bilour: Ji, Withdrawn.
جناب ڈپٹی سپیکر: خوشدل خان، جی میاں نثار گل صاحب۔
جناب میاں نثار گل: سر! میں اپنے پارلیمانی لیڈر کو ریکویسٹ کروں گا کہ جس پر بحث نہیں ہو گی وہ ہمیں بتایا جائے، پھر ہم اس کو Withdraw کرتے ہیں، جس طرح وہ-----
جناب ڈپٹی سپیکر: تاسوئے Withdraw کوئ او کہ نہ؟
میاں نثار گل: میں نے کہا کہ Withdraw کرتا ہوں لیکن مجھے یہ پتہ نہیں ہے کہ کس پر بحث ہو رہی ہے اور کس پر نہیں ہو رہی ہے؟
جناب ڈپٹی سپیکر: وقار احمد خان صاحب۔ جی سردار حسین بابک صاحب!
جناب سردار حسین: جناب سپیکر صاحب، میں Withdraw بھی کرتا ہوں اور اپوزیشن کے تمام ممبران کو انفارم بھی کرتا ہوں کہ کورونا کی وجہ سے اور وقت کی کمی کی وجہ سے جو ڈیپارٹمنٹس ہم نے Select کئے ہیں، اس میں ایجوکیشن ہے، سی این ڈبلیو، بلدیات، ٹورازم، ایگریکلچر، ہیلتھ، اریگیشن،

پولیس یعنی ان محکموں کے علاوہ ہم ساری Withdraw کریں گے،ان محکموں کی جن کے میں نے نام لئے تو اس پر ان شاء اللہ میں Withdraw کرتا ہوں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> Thank you عنایت اللہ خان صاحب، محمود احمد خان اور سراج الدین صاحب موجود نہیں ہیں، حمیرا خاتون صاحبہ اور ریحانہ اسماعیل صاحبہ بھی موجود نہیں ہیں۔ جی، نعیمہ کشور صاحبہ۔

<u>محترمہ نعیمہ کشور خان:</u> جناب سپیکر صاحب، میں صرف ایک بات کروں گی کیونکہ اس ہاؤس سے ہم نے اے این ایف کا بل پاس کیا تھا،ان کی ڈیوٹیاں صرف بارڈر پر یا ایئرپورٹ پر ادھر ہوں گی، باقی جگہوں پر نہیں ہوں گی لیکن وہ Implement نہیں ہو گا،اب بھی پورے صوبے میں ہے،آپ کے موٹروے پر جائیں تو تین تین محکمے گاڑیوں کو روک رہے ہیں،اس کو اگر ہم Implement نہیں کر رہے ہیں، تین تین محکمے وہ کر رہے ہیں،ادھر بھی یہ گورنمنٹ ہے،مرکز میں بھی ہے یا توان کو Merge کریں،تین تین محکمے عوام کو تنگ نہ کریں، میں Withdraw کروں گی شکریہ بھی کسی نے ادا نہیں کیا لیکن Withdraw کروں گی لیکن یہ ہے کہ اس پر ذرا سوچیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب۔

<u>Sahibzada Sanaullah:</u> Withdraw.

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی، شگفتہ ملک صاحبہ۔

<u>محترمہ شگفتہ ملک:</u> یو شارټ Suggestion دے ، جی ډیره مخکښنئ خبره ده-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> تاسو خپلو کښني خبرې اوکړئ او یا ،

Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No.7, therefore, the question before the House is that Demand No.7 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The 'Ayes' have it. The Demand is granted. Demand No.8: Honourable Minister for Law.

<u>سلطان محمد خان(وزیر قانون):</u> Thank you sir سر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو کہ مبلغ ایک ارب 60 کروڑ 75 لاکھ 28 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو،ان اخراجات کے

اداکرنے کی لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2021ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ داخلہ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Deputy Speaker: The motion moved, the question is that a sum of Rs one billion, 60 crore, 75 lac, 28 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2021, in respect of Home department. Ms Sobia Shahid.

Ms. Sobia Shahid: Withdraw.

جناب ڈپٹی سپیکر: جی محترمہ ثمر ہارون بلور۔

محترمہ ثمر ہارون بلور: جی، Withdrawn

جناب ڈپٹی سپیکر: نادر خان صاحب، میاں نثار گل صاحب، سردار حسین بابک، عنایت اللہ صاحب، محمود احمد خان صاحب، سراج الدین صاحب، صاحبزادہ ثناء اللہ اور شگفتہ ملک ان سب نے اپنی اپنی کٹ موشنز واپس لے لیں۔

Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No.8., therefore, the question before the House is that Demand No.8 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may، say 'No'

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted Demand No. 9, Minister for Law.

وزیر قانون: شکریہ، جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 02ارب 93کروڑ 13لاکھ 56ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے اداکرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2021ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ جیلخانہ جات کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Deputy Speaker: The motion moved now the question is that a sum not exceeding Rs. 02 billion 93 crore 13 lac 56 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will in course of payment for the year ending 30th June, 2021 in respect of Jail and Prisons.

سرار محمد یوسف صاحب، ثوبیہ شاہد صاحبہ، ثمر بلور صاحبہ، بہادر خان صاحب، خوشدل خان صاحب، میاں نثار گل صاحب، سردار حسین بابک، محمود احمد خان صاحب، صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب، ان سب نے اپنی اپنی کٹ موشنز واپس لیں۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No.9, therefore, the question before the House is that Demand No.9 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The 'Ayes' have it. The Demand is granted. Demand No.10: Honourable Minister for law.

تمام آنریبل ایم پی ایز سے ریکویسٹ ہے کہ وہ ماسک پہن لیں کیونکہ یہاں پر بعض ایم پی ایز کی طرف سے شکایت آئی ہے کہ وہ ماسک اتار دیتے ہیں اور یہاں پر اے سی لگا ہوا ہے، Circulationہوتی ہے، تمام ایم پی ایز سے ریکویسٹ ہے کہ وہ ماسک پہنے رکھیں گے۔

<u>وزیر قانون:</u> میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو کہ مبلغ 47ارب 55کروڑ 59لاکھ 56ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30جون 2021ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ پولیس کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The motion moved now the question is that a sum not exceeding Rs. 47 billion 55 crore 59 lac 56 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will in course of payment for the year ending 30th June, 2021 in respect of Police. Ji Sardar Yousaf.

<u>سردار محمد یوسف زمان:</u> جناب سپیکر! میں100روپے کی کٹ موشن پیش کرنا چاہتا ہوں۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only, Sobia Shahid Sahiba!

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد:</u> جناب سپیکر! میں1000روپے کٹوتی پیش کرتی ہوں۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Ji, Bahadar Khan.

<u>جناب بہادر خان:</u> جناب سپیکر! میں دو سو روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two hundred only. Ji, Khushdil Khan.

Mr. Khushdil Khan Advocate: One hundred.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Ji, Main Nisar Gul.

میاں نثار گل: 60روپے کٹوتی پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees sixty only. Ji Waqar, Ahmad Khan.

جناب وقار احمد خان: جناب سپیکر! میں500روپے کا کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five hundred only. Sadar Hussain.

جناب سردار حسین: جناب سپیکر! زه د 50 روپو کټ موشن پيش کوم۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifty only. Ji, Inayatullah.

جناب عنایت اللہ: میں300روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees three hundred only. Mehmood Ahmad Khan.

جناب محمود احمد خان: پانچ لاکھ کی موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five lac only. Sirajuddin Sahib, not present, Rehana Ismail.

محترمہ ریحانہ اسماعیل: میں سو روپے کٹ موشن کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Ji, Naeema Kishwar.

محترمہ نعیمہ کشور خان: میں سو روپے کٹ موشن کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Sahibzada Sanaullah.

صاحبزادہ ثناء اللہ: سات لاکھ روپے کٹ موشن کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees seven lac only. Sardar Muhammad Yousaf.

سردار محمد یوسف زمان: جناب سپیکر! محکمہ پولیس کو اتنی بھاری رقم جو دی جارہی ہے، اس کی کارکردگی کا اظہار کل ہی تہکال میں جو واقعہ پیش آیا، اس سے ہوتا ہے یہ ہم سب کے لئے ایک واقعہ ہے، پوری پاکستانی قوم کے لئے یہ شرم کا باعث ہے، پولیس کی طرف سے جہاں پولیس کی ایک ذمہ داری ہوتی ہے، ہر شہری کو تحفظ دینااور اس کی جان ومال اور عزت کا خیال کرنا لیکن آج صبح میں نے جب اخبار میں یہ واقعہ پڑھا تو یقین جانیں کہ مجھے بہت دکھ ہوا، ہمارے صوبہ خیبر پختونخوا کے عوام کے سر شرم سے جھک گئے کہ جہاں پولیس صوبہ خیبر پختونخوا کی پورے پاکستان میں ایک اپنی حیثیت اور ایک پوزیشن تھی، ہر جگہ ان کا مقابلہ کیا جاتا تھا، دوسرے صوبوں سے بہت بہتر کارکردگی کا اظہار کرتی رہی لیکن نہ جانے ان سالوں میں اس پولیس کو کیا ہوگیا، اس محکمے کو کیا ہوگیا؟ عوام کی جان ومال اور عزت کی حفاظت کے بجائے ان کو برہنہ کرکے پھر ایک سوشل وائرل چلا کر Movie بنا کر یہ کیا تاثر دیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ یہ ایک بہت بھاری رقم 47 ارب روپے پولیس کے لئے رکھے گئے ہیں، اس غریب صوبے کی اتنی بڑی رقم اگر پولیس کے اس طرح کے کرتوت ہیں اور یہ اس کے لئے رکھی گئی ہے، یہ تو اس صوبے کے عوام کے ساتھ ظلم ہے، یہ سب کے ساتھ ظلم ہے، آج پورے پاکستان میں اس صوبے کی بے عزتی ہوئی ہے، پورے پاکستان میں نہیں دنیا بھر میں جہاں پر بھی ہیومن رائٹس کے لوگ ہیں، انہوں نے بھی اس کی مذمت کی ہے، پاکستان کے عوام نے اور سینیٹ میں بھی اس کی مذمت کی گئی ہے، قومی اسمبلی میں بھی اس کی مذمت کی گئی ہے، اس میں آپ خود بھی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ جہاں ایک غریب کے ساتھ یہ سلوک ہوگا، وہاں پاکستان کا ایسا صوبہ جو خیبر پختونخوا کے غریب عوام کے ساتھ مختلف تھانوں میں کیا سلوک ہوتا ہے، یہ ایک واقعہ جو سوشل میڈیا کے ذریعے ظاہر ہوگیا، لوگوں تک پہنچ گیا، بہت سارے ایسے علاقے ہیں، دور دراز جہاں پولیس اپنی من مانی کرتی ہے، کوئی پوچھنے والا نہیں ہے جو کہ پولیس کی ایک ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ قانون کے مطابق عمل کرے لیکن بہت سارے تھانوں میں غلط ایف آئی آرز بھی ہوتی ہیں، اس کے ساتھ ہی جہاں مستحق اور حقدار لوگ جاتے ہیں، ان کی سنوائی ہونی چاہیئے لیکن بجائے اس کے کہ ان کی ایف آئی آر نہیں ہوتی، جس کی Approach ہوتی ہے اور جو ان پر اپنا پریشر ڈال سکتے ہیں وہ پولیس کے ذریعے اپنی من مانی کراتے ہیں۔ میں یہ بات کہونگا کہ ہمارے علاقے میں بھی جہاں پر ایک بااثر شخص

پولیس کے ذریعے جاکر لوگوں کی زمینوں پر قبضہ کرتا، رہا، پولیس کے ذریعے جاکر وہ زبردستی بے دخل کرنے کی کوشش کرتے رہے، بہت سارے تھانوں میں ایک بااثر شخص جاکر غریب کے خلاف، اس نے اگر ذاتی طور پر اس کی حمایت نہیں کی تو اس کو Victimize کراتے رہے، آپ خود اندازہ لگائیں کہ اس طرح کی پولیس ریفارمز ہونی چاہئیں، یہاں پر ایک ایسی مثالی پولیس ہونی چاہیئے جو پوری دنیا میں اس کی مثال اگر یورپ میں دی جاتی کہ پولیس کو ہر شخص کی عزت اور جان و مال کی ضمانت دیتی ہے لیکن یہاں صوبہ خیبر پختونخوا کی پولیس کے بارے میں اب میں تفصیل میں کیا جاؤں، مجھے تو افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس وقت اس اسمبلی میں جو بھی بات ہوئی یہ-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> ماسک پہن لیں جی، ماسک پہن لیں۔

<u>سردار محمد یوسف زمان:</u> میں تھوڑی سی بات کر لونگا، ہاں جی پہن لونگا، آپ کے بہت سارے وزراء نے نہیں پہنے تھے، اس لئے میرے خیالات کے لئے بھی خصوصی رعایت ہو گی، بہر حال-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> اگر ہم ایس اوپیز Follow نہیں کرینگے تو پھر کون اس پر عمل کرے گا؟

<u>سردار محمد یوسف زمان:</u> یعنی آپ اس وقت منتخب ہیں، اس اسمبلی میں منتخب ممبران نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا اور اس واقعے کی مذمت کی ہے، یہ ایک واقعہ نہیں ہے، بلکہ اس طرح کے ہزاروں واقعے اور اس طرح کی بہت ساری چیزیں ہیں، یہ اس حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے کہ یہ جو دعویٰ کرتی ہے کہ تحریک انصاف کی حکومت میں انصاف ہو رہا ہے، میں انصاف والوں سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے یہ انصاف کیا ہے؟ جس طریقے سے اس کو گرفتار کر کے اس شہری کی بے گناہ کی تذلیل کی گئی ہے، پوری قوم کی تذلیل ہوئی، اس لئے جناب سپیکر! ان کے خلاف ایف آئی آر بھی نہیں کی گئی، صحیح طریقے سے ایف آئی آر نہیں کی گئی۔ دیکھیں، برائے نام لوگوں کو مطمئن کرنے کے لئے وزیر اعلیٰ صاحب سے جب کل ملاقات ہوئی ہے، وزیر اعلیٰ خود نوٹس لیں، اس پر فوری طور پر ایکشن لیا جائے، جوڈیشل انکوائری بعد میں بھی ہو لیکن فوری طور پر اس وقت Administrative power استعمال کر کے اس کے خلاف کارروائی کریں اور ویڈیو سائبر کرائم میں ان کے خلاف کارروائی کرائی جائے۔ جناب سپیکر! یہ مذاق بنایا ہوا ہے، کوئی اس طرح کے واقعات حالانکہ ہم اکیسویں صدی میں جا رہے ہیں، اس وقت ہماری پولیس جو انیسویں صدی کے طریقے سے جو طریقہ کار اختیار کیا ہوا ہے، اگر آپ کو اس کا مقصد-----

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ، ماسک سب نے پہنے ہوئے ہیں، دوسری میں تمام ممبرز سے یہ ریکویسٹ کرونگا۔

سردار محمد یوسف زمان: بھائی ہم نے بھی ماسک پہنا ہوا ہے، ماسک چھوڑیں، اپنی پولیس کو ٹھیک کرائیں نا، ان کو بھی ماسک پہنائیں نا، آج یہاں پر باتیں کرنے کے لئے مذاق نہ کریں بلکہ مجھے تو سچی بات ہے کہ بڑا دکھ ہوا ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: No cross talk، چیئر کو Address کر کے بات کریں۔

سردار محمد یوسف زمان: صبح ہم نے پڑھا کہ ہم کس معاشرے میں رہ رہے ہیں؟ ہم کس طریقے سے رہ رہے ہیں، ایک شہری کے ساتھ اس طرح سلوک ہوا ہے کہ ہمارے جو وزراء مذاق کرتے ہیں کہ ماسک پہن لیں، ماسک اتار دیں، ماسک ہم پہن لینگے، ہم نے سب سے پہلے اور میری پارٹی نے سب سے پہلے جاکر ماسک کو لوگوں میں تقسیم کیا، ان شاء اللہ جہاں تک یہ بات ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں ان تمام، House, in order, please جی ایک منٹ، میں بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب کامران خان بنگش (معاون خصوصی برائے بلدیات): سر! میں ان کو ماسک کے حوالے سے ایک بات کرنا چاہتا ہوں، سردار صاحب نے ماسک کی بات کی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ایک منٹ، کامران صاحب، ایک منٹ، سردار یوسف صاحب! آپ ہمارے پارلیمانی لیڈر ہیں، آپ میری بات سن لیں، ہمارے بڑے ہیں، سردار حسین بابک صاحب ہیں، باقی پارلیمانی لیڈرز تو نہیں ہیں، منور خان صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میں صرف آپ سے اتنی ریکویسٹ کرونگا کہ اگر ہم اتنی لمبی سپیچز کریں گے تو پھر کسی کو موقع نہیں ملے گا، اس کو شارٹ دو تین منٹ میں اپنی وضاحت کریں، آپ تقریباً سات، آٹھ منٹ سے بول چکے ہیں، دوسرا ایس او پیز کو ہم Follow کرینگے، اگر ہم Follow نہیں کرینگے تو ہم عوام کو کیا دکھائیں گے، سب سے پہلے ہم نے ایس او پیز کو Follow کرنا ہے۔

سردار محمد یوسف زمان: آپ پولیس کی بات سننا نہیں چاہتے تو ہمیں ان سب پر بولنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔۔

جناب منور خان: یہ ایک اہم ایشو ہے، اس پر بحث ہو رہی ہے، آپ کہہ رہے ہیں کہ ماسک لگاؤ، ماسک لگاؤ، آپ پوری بات نہیں سننا چاہتے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: منور خان صاحب! آپ بیٹھ جائیں، ہمیں افسوس ہو رہا ہے کہ آپ ایک وکیل ہیں، ایڈووکیٹ ہیں، آپ کی منہ سے ایسی باتیں نکل رہی ہیں، Sorry to say آپ سے لوگ کیا سیکھیں گے؟

سردار محمد یوسف زمان: سر! ٹھیک ہے، بات یہ ہے کہ ایک سنجیدہ بات ہو رہی ہے، ایک نہایت اہم بات ہو رہی ہے، ایک ایسی دردمندانہ قسم کی بات ہو رہی ہے کہ ہر آدمی محسوس کرتا ہے کہ ہمارے بھی بچے ہیں، ہمارا بھی بھائی ہے، وہ بھی کسی کا بچہ ہو گا، امیر کا ہو گا یا غریب کا ہو گا، اس کے ساتھ اس طرح کا سلوک پولیس کرتی ہے، یہ اس حکومت کی ذمہ داری ہے، اس کے عزت کی خیال رکھنا چاہیئے، اس کی جو تذلیل کی گئی، کیا اس کے خلاف کارروائی نہیں ہونی چاہیئے؟ مجھے تو امید ہے کہ یہ جو وزراء صاحبان اس پر بھی ذرا غور کریں، حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے کہ اس پر فوری طور پر ایکشن لے، اب احتجاج ہو رہے ہیں، باہر بھی احتجاج ہو رہے ہیں، جگہ جگہ ہر فیلڈ کے لوگ، ہر مکتبہ فکر کے لوگ احتجاج کر رہے ہیں، اگر وہ احتجاج کرتے ہیں، یہ ان کا حق بنتا ہے، یہ ہماری اس حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے کہ ان کے خلاف فوری طور پر کارروائی کریں، میں اس لئے کہتا ہوں کہ اتنی بھاری رقم جو خرچ کی جا رہی ہے، اس غریب صوبے پر، یہ ایک بہت بڑا بوجھ ہے، اس کی کونسی کارکردگی ہے، اس لئے میں یہ ضرور کہونگا کہ جو بھی کارروائی ہو، ان کی انکوائری بھی کی جائے، اس کو ہاؤس میں بھی پیش کیا جائے، عوام کے سامنے بھی لایا جائے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ثوبیہ شاہد صاحبہ۔

جناب بلاول آفریدی: سر، میں نے اس پر بات کرنی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جس کے اوپر کٹ موشن ہو، جس کا نام لکھا گیا ہے، یہ ان کے لئے ہے، آپ کی کٹ موشن اس میں ہے نہیں۔ جی، ثوبیہ شاہد صاحبہ۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: Thank you۔ جناب سپیکر صاحب! کوم چې په عامر باندې په تهکال کښې دا واقعه شوې ده، دا نه زمونږ په صوبه کښې بلکه دا په ټوله دنیا کښې اوچته شوې ده، د دې د پاره، د عامر د پاره په ټوله دنیا کښې خلقو آواز اوچت کړے دے او دا زمونږ د کے پی کے د پاره، زمونږ د پاره ډیره د شرمندګۍ خبره ده۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خیبر پختونخوا، کے پی کے به نه وایئ جي۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: بنه جی، د کے پی د پاره دا ډیره زیاته د شرمندګئ خبره ده خو دا خبره درته کوم چې زمونږه ایم پی ایز پرون دا خبره واؤریده نو ګروپ ئے جوړ کړو او دې عوامو چې کوم ایم پی ایز راوستې دی او په دې ایوان کښې ناست دی، د دوئ د لیجسلیشن او د حقوقو د پاره هغوی د ګروپ نه اووتل او دا په عوامو باندې زمونږه پولیس دې حد ته لاړو او زیاتے ئے ورسره شروع کړو، مخکښې خو زیاتے وو، زه بیا دې عوامو ته یو خبره کوم چې د میډم نګهت اورکزئی په لاک ډاؤن کښې د هغی د ځوی سره چې کوم زیاتے شوے دے، د هغی ځوئے د انګلینډ نه راغلے دے او دې پولیس اته ورځې د میډم نګهت اورکزئی ځوې ساتلے دے او تشدد ئے هم پرې کړے دے، د څه د پاره؟ د چند روپو د پاره، هغوی زمونږ د ایم پی ایز بچو ته هم لاس راچولے دے او په دې ایوان کښې سی ایم یا بل چا په هغې باندې ایکشن وانغستے شو نو نن ځکه هم دغه کسان وو، په دیکښې هم دغه اهلکار، تهاندار او دغه ایس ایچ او په دیکښې ملوث وو کوم چې د نګهت اورکزئی ایم پی اے چې د درېم یا څلورم سیشن دے چې ایوان ته نه راځی او د هغې د بچو سره ئے چې اته ورځې ئے په جیل کښې تیرې کړی دی خو چا ورته هم اونه وئیل، نن هم دا خبره ده، Hundred percent sure یم چې تاسو به هم د دې سپیچ د پاره په دې ایوان کښې به هر یو خپل زړه تش کړے وی، خبرې به اوکړی او په دې چهت به بره اوخیژی آسمان ته، لاندې بیا هیڅ هم نه کیږی، لاندې پرې هیڅوک ایکشن نه اخلی، نه به یو خبره کیږی، صرف هم هغه د کنټینر خبرې دی چې کومې عمران خان کړې وې او زمونږ د (نون) لیګ د پاره دی، مونږ چې څه خبره کوؤ نو هم دغه وائی چې تاسو خو دا کار نه دے کړے، تاسو خو پولیس نه دے ټهیک کړے، تاسو خو داسې د خدائے د پاره هم څه اوکړئ کنه، د دې د پاره څه اوشو، میټینګونه کوئ، صرف چې یو بل ته اوګورئ او صرف میټنګ اوکړئ، خبره برخاست شی، بیا پکښې څه نه کیږی، مونږ خو څه هم اونه کتل، هغه Child abuse مو شروع کړے وو، په هغې کښې ایکټ جوړ شو، هغې کښې میټنګونه اوشو او هغه میډیا راغله، کوریج ئے اوشو او د اوسه پورې هغه بل اختتام ته اونه رسیدو، هغه په هغه ځائے کښې پاتې دے، بیا درته وایم چې لیجسلیشن اوکړئ، دا پاور تقسیم کړئ، دا ورکړئ چې دا ټولو

خلقو ته عوام ته خپل حقوق ملاؤ شی، چې کوم زیاتے شروع شوے دے، عوام تاسو ته په کوم آواز باندې راغلی وو، دا ایوان وائی چې کومه تبدیلی تاسو راوستې وه، هغه تبدیلی خو تاسو پریښوده، زمونږ نه خو مو هغه شته زوږ پاکستان لرې کړو، دې حده پورې پولیس تلو، په تا باندې هم دا وو، څوک چې هم وائی او هغه په ایم این ایز په ایم پی ایز باندې په چا باندې چې هم د پولیس کیس جوړ شی، دا تهانیدار، دا ایس ایچ اوز به تاسو نه پریږدی۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> فخر جہاں صاحب! آپ ماسک پہن لیں۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد:</u> جناب سپیکر صاحب! په مینځ کښې خبره مه کوئ، سپیچ رانه هیر شی، دا بل تیکنیک مه کوه کنه، ښه ټهیک خبره ده، د دې ایس ایچ او سره، د دې تفتیشی افسر سره دومره پاور دے چې اول څه هم واقعه اوشی نو د ټولو نه مخکښې ورله دا تفتیشی افسر لاړ شی نو هلته دا یو رپورټ جوړ کړی، په هغه رپورټ باندې سپریم کورټ، هائی کورټ ټول پرې فیصله ورکوی، زه بیا لږ د ایوان خبره کوم چې د میډم نگهت اورکزئی د پاره تاسو چې کوم آواز اوچت کړے وو، دا آواز تاسو اونه کړو، دا به سبا ستاسو بچو ته، ستاسو کور واله، ستاسو هغه د پولیس لاسونه رااوړده شی، بیا به هر بنده په خپلو کښې یواځې وی خو بیا به جواب نه شی ورکولې یا خو ورته قانون سازی اوکړئ، هم دا خلق به ناست یئ، د دې حل به رااوباسئ یا ورته څه قانون سازی جوړه کړئ۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> میډم! شارټ کړئ۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد:</u> یو لائحه عمل جوړ کړئ چې اوس هم ورته جوړ شی، صرف په تقریرونو باندې نه کیږی، دا به درته ډیره گرانه شی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> Thank you۔ جناب بہادر خان صاحب!

<u>جناب بہادر خان:</u> شکریه، جناب سپیکر صاحب! اول خو درته دا خبره کوم چې ما کورونا تیره کړې ده، ان شاءالله که ماسک وو او که نه وو، زما په خیال سره چې ما خپل Tenure تیر کړے دے، په هره محکمه کښې او په هره اداره کښې ښه قاعده شته۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بهادر خان صاحب! دا د تیرولو خبره نه ده، دا خبره د ایس او پیز ده، تاسو ته خلق گوری، د علاقې یو نمائنده یئ جی، چې ته دا سې کوې نو هغه نور خلق هم وائی، دا ٹھیک ده چې خلق تاته گوری نو نور خلق به هم ماسک نه اچوی چې ته ئے نه اچوې۔

جناب بہادر خان: دا شته دے کنه، دا فارسٹ منسٹر صاحب هم نه دے اچولے-----

جناب ڈپٹی سپیکر: مونږه چې دا ماسکونه واچوؤ نو کورونا به نه لگی، دا په خوله او په پوزه لگی جی۔

جناب بہادر خان: مونږه زمیندار خلق یو، مونږ به دهقانان ساتل او په هغې کښې به قلبه چې وه د غوایانو هغې له به مو تیرسری جوړون-----

جناب ڈپٹی سپیکر: اوس متلونه مه کوئ جی۔

جناب بہادر خان: عرض مو دا دے جی، تیرسرے به مو جوړلو چې هغه په پله کښې چرته شنه ډکی راشی چې دا اونه خوری او هغې ته هغه جغ مات نه کړی، دا سې مو راته تیرسرے تړلے دے د خیره سره، یعنی څه جغ مغ نه ماتوؤ، روانے نه کوؤ که خیر وی۔ جناب سپیکر صاحب! خبره مو دا کوله، زه مختصر خبره کوم چې په هره محکمه او په هره اداره کښې ښه خلق هم شته او بد هم شته، یقیناً چې دا پولیس والا به ښه سړے نه وو، دا کوم عمل ئے چې کړے دے، په دې پولیس کښې د قربانئ خلق او ښه خلق او عزتمند خلق او درانه خلق هم شته دے، ښه تکړه خلق هم شته۔ زه دا وایم چې دا ډسٹرکٹ آفیسر او ډی پی او سره تعلق لری، ډی پی او د دې په ټولو کښې ښه سړے گوری، پاک سړے گوری، ایماندار سړے گوری او دا په تهانړه کښې په کوم ځائے کښې چې انچارج لگوی، زما په خیال سره که دوئ دا مهربانی اوکړی چې دوئ د ډی پی او خیال اوساتی، چې کوم ډسٹرکٹ ته ډی پی او لیږی، کم از کم چې هغه ته دا هدایات هم ورکړی او هغه ٹھیک ٹھاک سړے اولیږی، برابر سړې چې هغلته ناست وی، هغه به هغلته برابر کار کوی۔ زمونږ په دې لاک ډاؤن کښې دومره ښه بد شوی دی، دومره گھپلې شوی دی، دې پولیس والو د دې نه دومره غلطه فائده اغستې وه، سړی نه به ئے شناختی کارډ واغستو او ته به د دکان په هغه سر باندې تیر شوې وې، وئیل به

ئے چې ته هغلته تلې وې، ته هغلته تلې وې، نو که مونږ به ورته شل ځل اووئیل خو د هغه سره به ئے هغه توره سپینه کوله، چې هغه به ئے ورسره نه وه کړې نه به ئے پریښودو۔ عرض مو دا دے چې د ګهپلو والا پکښې ډیر دی، د خدائے په خاطر باندې په دې قوم رحم اوکړئ، دا نن سبا چې کومه مهنګائی ده، دا کوم طریقه کار دے، په دې باندې غریب سړے زغلول یا غریب سړے جرمانه کول، هغه که په ټریفک کښې دے، که هغه په بازار کښې دے، که هغه په ګشت کښې که په تهانړه کښې دے، که په چوکئ کښې دے، دا یواځې دا نه چې ګنی په تهانړه کښې ئے دا لوبه اوکړه، دا په ګشت کښې هم کوی، دا په ټریفک کښې هم کوی، دا په هر ځائې کښې کوی، لږ یو پوټے پرې سترګې اوغړوئ، تاسو اووایئ مونږه د دې نه سیاسی دغه اوچت کړے دے، هغوی لا بله بهانه جوړه کړې ده، سیاست چې ترې تاسو اوچت کړئ، خدائے شته چې دوئ به دا خپلې پښې پریږدی او په سر به روان شی، نور به هم ورپسې اخوا دیخوا شی، دا مه کوئ، دا د هر سړی د خپلې نګرانی لاندې د هغه ځائے څه شکایات واوړئ، که تاسو پرې شکایات اوریدل او په هغې مو غور کولو نو ټول به ټهیک وو خو که دغه مو نه کول او خپله مو کوله او هغه مو خپل سرته پریښودو، یقیناً چې ګورئ داسې به کیږی، دا مهربانی اوکړئ چې صرف او صرف د دې چې یره د ډسترکټ آفیسر خیال اوساتئ، ټهیک ټهاک سړے لاړ شی او په هغه باندې دا کوی چې په تهانړه کښې ټهیک ټهاک ایس ایچ او خپل انچارج داسې سړے لګوی چې کم از کم هغه صحیح کار کوی جی، مهربانی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: خوشدل خان صاحب۔

<u>جناب خوشدل خان (ایڈوکیٹ)</u>: جناب سپیکر صاحب! آپ کا بہت بہت شکریہ۔ یہ جو Demand for grant ہے، 47ارب 55کروڑ 59لاکھ اور 56ہزار، میرے خیال میں یہ تیسرے نمبر پر ہے-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: خوشدل خان صاحب! دا ماسک واچوئ نو بهتره به وی، ټولو ته هم دا لګیا یو جی-----

<u>جناب خوشدل خان (ایڈوکیٹ)</u>: یره بیا هغه عینکې مو دغه کیږی، بیا ښکاری نه کنه-----

جناب ڈپٹی سپیکر: خیر دے جی، وائے چوئ جی، څکه چې ممبران پکښې ټول دغه کوی نو ماسک واچوئ جی۔

جناب خوشدل خان (ایڈوکیٹ): بیا نه ښکاری، خیر دے جی----

جناب ڈپٹی سپیکر: ښکاری،ښکاری جی، د ماسک سره ښه ښکاری، دا ټولو اچولی دی، ګوره چشمو لاندې ئے ګیر کړی دی، سردار یوسف صاحب ته اوګورئ۔

جناب خوشدل خان (ایڈوکیٹ): زمونږه په دې باندې اعتراض نشته چې یره دومره غټ رقم مونږ ورکوؤ، دا رقم د چا دے؟ هغه زمونږه د خولې او د ټیکس پیسې دی، د مزدورانو د غریبانانو او مونږه ئے په دې وجه ورکوؤ چې یره دا د قوم محافظان دی، دوئ به د قوم حفاظت کوی، دا آئین کښې چې کوم عوامو ته کوم بنیادی حقوق ملاؤ دی، هغه به د هغې پاسداری کوی خو زه نن دا ډیر په ډاګه باندې وایم دې هاؤس ته چې نن تاسو د پختونخوا د امن و امان مسائل اوګورئ، زیات شوی دی، خصوصاً بیا په پیښور کښې نن زمونږه په کوم رورل ایریاز کښې چې تهانړې دی، هغه ټول په هغې کښې قتل وغارت تاسو اوګورئ، په هغې کښې رهزنی اوګورئ، په هغې کښې ډاکې اوګورئ، په هغې کښې ټارګټ کلنګز اوګورئ، هغه ډیر زیات شوی دی، بل اوس ورکښې یو بل شے شروع شوے دے، زمونږ په تهانړو کښې قبضه مافیا ګروپونه جوړ دی، هغوی زمکې خلقو له خلاصوی او په هغې کښې پیسې اخلی او دا هائی اتهارټیز ته هم دا پته ده خو په هغې باندې هیڅ قسم ایکشن نه اخلی، لوئې افسرانو له دا پکار دی چې هغوی د دې تهانړو وزټ اوکړی، د عوامو سره ملاویږی، د هغوی شکایت اوری----

جناب ڈپٹی سپیکر: خوشدل خان صاحب! زه هم دغه بار بار دې ټول آنریبل ایم پی ایز ته دا ریکویسټ کوم چې تاسو ایس او پیز نه Follow کوئ۔

جناب خوشدل خان (ایڈوکیٹ): نیشنل اسمبلی میں کسی کو کچھ بھی نہیں ہوتا ہے-----

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ نیشنل اسمبلی کو Follow کریں گے یا اپنے آپ کو Follow کریں گے۔

جناب منور خان: نہیں، میں ویسے آپ کو بتا رہا ہوں کہ نیشنل اسمبلی میں آپ ہی کے لوگ-----

جناب ڈپٹی سپیکر: ہر انسان خود ذمہ دار ہے، ہر انسان خود ذمہ دار ہے، غیر ذمہ دارانہ بات نہ کریں جی، غیر ذمہ دارانہ بات نہ کریں۔۔۔۔۔

جناب خوشدل خان (ایڈوکیٹ): نن پہ ټوله علاقه کښې د منشیاتو کاروبار عروج ته رسیدلے دے، دا آئس دا چې کوم منشیات دی، کومه بیماری ده، نن هغه دومره عامه شوې ده، په کلو کښې، په محلو کښې، د هغې اثر زمونږ یونیورسټو ته اورسیدو، زمونږ کالجونو ته اورسیدو او اوس هغې نه زمونږه بچی، زمونږ طلبه و طالبات ټول متاثره شوی دی۔ په هغې باندې د هغې د پاره هیڅ قسم نه څه اقدامات اوشو او د دې ټوله سرپرستی هم دا خلق کوی۔ زه لاء منسټر صاحب ته خصوصاً د وه واقعات، لاء منسټر صاحب! پلیز۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لاء منسټر سلطان محمد خان صاحب! توجه ورکړئ۔

جناب خوشدل خان (ایڈوکیٹ): تاسو خو یره منسټران یئ، کیبنټ کښې ناست یئ، ستاسو دغه خبره چې ده، دوه ډیر اهم واقعات دی چې ستا نوټس ته ئے راوستل غواړم۔ جناب سپیکر! چار دن ہوئے ہیں کہ ہماراز نگلی روڈ کوہاٹ روڈ سے ازاخیل اور مریم زئی گاؤں کو جاتا ہے، وہاں پر نو بجے کے وقت ڈاکہ اور رہزنی ہوتی ہے، اس دن، تقریباً چار دن پہلے کا واقعہ ہے، یہاں سے حاجی کیمپ میں جو مستری ہیں وہ وہاں کے رہنے والے ہیں، مریم زئی گاؤں وہ جا رہے تھے، اپنی دکان کو بند کر کے جب وہ اس موقع پر پہنچے تو اس نہر پر تو ٹرک کھڑے تھے، یہ رہزن ان سے پیسے لے رہے تھے، By force لے رہے تھے، ان کو جب اشارہ دے دیا، یہ کھڑے نہیں ہوئے تو پیچھے سے انہوں نے فائرنگ کر دی، اس موٹر سائیکل پر بے گناہ تین آدمی سوار تھے، تین نوجوان تھے، ایک کو گولی لگ کر موقع پر ہلاک ہو گیا، دو زخمی ہو کر اور ابھی تک ان کے خلاف نہ کوئی کارروائی کی گئی ہے، لہذا میں ہاؤس سے پرزور مطالبہ کرتا ہوں کہ جس طرح عامر کے ساتھ بھی زیادتی ہوئی ہے لیکن یہ بھی ایک زیادتی ہے کہ غریب لوگوں کے گھر کا ایک نوجوان کو قتل کر دیا گیا ہے اور وہ ان رہزنوں نے کیا، ابھی تک پولیس نے کوئی ایکشن نہیں لیا، کوئی ان کا اخبار میں نہیں آیا ہے کیونکہ سوشل میڈیا پر نہیں آیا ہے، چونکہ جو سوشل میڈیا پر آتے ہیں، اس پر ایکشن لیتے ہیں لیکن جو سوشل میڈیا پر نہیں آتے تو ان کے خلاف ایکشن نہیں لیتے، لہذا میں ریکویسٹ کرتا ہوں لاء منسٹر سے کہ اس کا مجھے جواب دے دیں، آپ پولیس سے پوچھیں کہ اس بارے میں آپ نے کیا کچھ کیا ہے؟ چار دن ہو گئے، میں خود وہاں پر فاتحہ خوانی کے لئے گیا تھا، ان کا ایک اکلوتا بیٹا تھا، وہ

غریب لوگ ہیں۔ دوسرا ابھی جو واقعہ ہوا ہے، یہ جس طرح ہمارے دوست نے بتایا ہے کہ یہ ادیزئی ہے، ہمارے PK-10 میں تھا، اب PK-71 صلاح الدین کے حلقے میں ہے، جناب عالیٰ، 5 مئی 2020 میں سی ٹی ڈی نے دو لڑکے اٹھائے تھے، اپنے گھروں سے، نہ ان کے پاس کوئی بندوق تھی تو پھر بھی اٹھا کر ایک کو چھوڑ دیا، تین دن کے بعد دوسرے کو گھر سے پکڑا اور پھر 22 مئی 2020 کو ہلاک کر کے ان کے گھروں کے سامنے ڈالا، ان کو کہا کہ یہ دہشتگرد تھے، ان کے جب ایسے واقعات ہو رہے ہیں تو لوگوں کا کیا حال ہوگا؟ یہ تو ہمارے Fundamental rights ہیں، آپ آرٹیکل 10 دیکھیں، اگر آپ 9 دیکھیں، آرٹیکل 24 دیکھیں، آرٹیکل 35 دیکھیں تو یہ ہمارے پورے حقوق ہیں، لہذا پولیس یہ جو کچھ کر رہی ہے، نہ قانون میں ان کو کوئی حفاظت ہوتی ہے، اس کا کوئی اثر ہونا چاہئے، میں لاء منسٹر سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ان کے بارے میں دونوں کے بارے میں ہاؤس کو بتادیں؟ Thank you, Sir بلکہ میں اس کو Press نہیں کرتا ہوں، میں واپس لیتا ہوں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی نثار گل صاحب!

<u>میاں نثار گل</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! آج پولیس کے متعلق یہ بات ہو رہی ہے، اس سے پہلے بھی اس اسمبلی میں بات ہو رہی تھی کہ خیبر پختونخوا پولیس ایک مثالی پولیس ہے، ہم اس کا مقابلہ دوسرے صوبوں سے نہیں کر سکتے لیکن جو واقعات روز بروز ہمارے صوبے میں بڑھ رہے ہیں، اب یہ جو واقعہ ہو گیا ہے، اس طرح ہزاروں واقعات ہونگے، جناب سپیکر! یہ ایوان سب کا ہے، آپ بھی اس ایوان میں منتخب ہو کر آئے ہیں، ہم بھی آئے ہیں لیکن جو بات ہم اپوزیشن کرتے ہیں، حکومت والے یہ نہ سوچیں کہ ہم Criticism کر رہے ہیں لیکن یہ عوامی آواز ہوتی ہے، آج لوگ باہر دھرنے پر کھڑے ہیں، احتجاج ہو رہے ہیں، ہمیں بھی احساس ہے کہ ہم ایسے ملک میں ہیں جس کو مدینے کی ریاست کہا جاتا ہے، اس ملک میں ایسے واقعات بھی ہو رہے ہیں لیکن یقین کریں کہ میں تھوڑا اپنی حکومت کے منسٹروں کو بھی کہنا چاہتا ہوں، ہم پہلے بھی اس ایوان میں آئے تھے، پولیس کو دیکھا ہے لیکن کوئی پارلیمنٹرین اگر پولیس آفس جائے، یقین کریں کہ گھنٹوں انتظار کرے گا، اس کے لئے ملاقات مشکل ہوگی، ہزار مثالیں ہیں لیکن میں آج ایک مثال دینا چاہتا ہوں، سلطان خان کی توجہ بھی چاہئے کہ ہم دس دن سے دھرنے میں تھے، اس پر ہمارے چودہ نکات میں یہ ایک نکتہ بھی تھا کہ ہمارے لوگوں پر جھوٹی ایف آئی آر درج ہو رہی ہے، میں حکومت کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ہمارے ساتھ مذاکرت کئے، ان میں یہ نکتہ بھی شامل

تھا، وجہ کیا ہے؟ وجہ یہ تھی کہ کیبنٹ نے ابھی اس اجلاس میں ہمارے ضلع کے لئے دو تھانے بھی منظور کئے ہیں، میں آئی جی صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جب دھرنا ہوا تو وہ کرک تشریف لائے تھے، تقریباً چوبیس گھنٹے ادھر گزارے لیکن آئی جی صاحب کو یہ بھی پوچھنا چاہیئے کہ ہم اس ایوان میں بار بار کہتے ہیں کہ جھوٹی ایف آئی آر کیوں درج ہوتی ہے، کیا وجہ ہے؟ وجہ یہ ہے کہ ہمارے ہاں جو تیل اور گیس کی کمپنیاں کام کر رہی ہیں وہ اربوں کما رہی ہیں، ان اربوں میں وہ تھانوں پر خرچ کرتی ہیں، ان کے پٹرول، ان کے کھانے، ان کی گاڑیاں ہم خود دیکھتے ہیں کہ تھانوں میں جب وہ ہوتے ہیں تو پھر ہمارے لوگوں پر جھوٹی ایف آئی آرز بھی درج ہونگی، اس طرح ان کے ساتھ یہ کاروائیاں بھی ہونگی، اس طرح یہ باہر احتجاج بھی ہونگے، برائے مہربانی یہ پولیس ہماری ہے، ہم مانتے ہیں کہ انہوں نے اس ملک کے لئے، اس دھرتی کے لئے بہت شہادتیں دی ہیں، میں بھی مانتا ہوں کہ جون 2009 کو میرے ساتھ ایک پولیس گن مین تھا جس نے میری جان بچائی تھی، وہ خود شہید ہوا تھا لیکن اگر اس ڈیپارٹمنٹ میں کالی بھیڑیں ہوں اور وہ آپ کی حکومت کو بدنام کریں، اس ایوان کو بدنام کریں، ہم کہتے کہ ہماری پولیس مثالی ہے، میرے خیال میں پھر اس طرح تین پارلیمنٹیرینز دس دن سے احتجاج میں تھے، اس وجہ سے ہمارے علاقے میں بھی پولیس ہم پر ظلم کر رہی ہے، اس وجہ سے ہمارے ساتھ انصاف نہیں ہو رہا، اس وجہ سے کوئی آواز نہیں سن رہا، یہ جو ایوان ہے، ہم منتخب ہو کر آتے ہیں، چاہیے تو یہ ایوان میں آواز اٹھائے، اس پر سوچا جائے، میں پھر بھی کہتا ہوں کہ پولیس نے کافی شہادتیں دی ہیں، میں پھر بھی کہتا ہوں کہ اچھی پولیس ہو گی، میں پھر بھی کہتا ہوں کہ خدا کے لئے اگر اس میں ایسے لوگ ہوں جو آپ کی حکومت کو، اس ایوان کو یا کسی کو بدنام کریں، ان پر تھوڑا ہاتھ رکھیں، ان سے پوچھیں کہ جھوٹی ایف آئی آر اور اس طرح سے واقعات لوگوں کو تنگ کرنا، لوگوں کی زندگی کو خراب کرنا اور ایک واقعہ میں بیان کرنا چاہتا ہوں، جناب سپیکر! ایک منٹ میری بات سنیں، جی ایک منٹ۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> میں ایک بات کر لوں جی، تمام آنریبل ممبرز سے میری ریکویسٹ ہے کہ کل پورے دن چار گھنٹوں میں ہم نے چھ کٹ موشنز کی تھیں، آپ نے جو دی ہیں، نو دی ہیں، جس طریقے سے آپ کر رہے ہیں، مجھے نہیں لگ رہا کہ یہ نو بھی پوری ہو جائیں تو پھر مجھے مجبوراً وہ اس کے اوپر Rule لگانا پڑے گا، مہربانی کر کے دو منٹ میں بات ختم کریں کہ سب کو موقع مل جائے کیونکہ آپ نے جو ڈیمانڈز دیئے ہیں، کٹ موشنز پر آپ بات کرنا چاہتے ہیں تو وہ رہ جائیں گی، لہذا مہربانی کر کے اس کو Follow کریں جی۔

میاں نثار گل: اس دفعہ اسمبلی میں، آج بجٹ اجلاس کے بعد میں ایک بات بیان کرنا چاہتا ہوں، ہمارا ایک سابق ناظم تھا، پندرہ بیس دن پہلے انہوں نے ڈی سی آفس کے سامنے احتجاج کیا، اپنے علاقے کے حقوق مانگ رہا تھا، دوسرے دن پولیس نے اس کے پیچھے دو کلو چرس لکھا اور اس کو تھانے میں بند کیا، میں اس شیر دل سیشن جج کو سلام پیش کرتا ہوں کہ تیسرے دن اس کی ضمانت ہو گئی، ساری ہائی وے پولیس بھی ہے، ایسا ہونا چاہیئے، ایسی پولیس کے لئے ہمیں 47 ارب روپے کی گرانٹ دینی چاہیئے جو ہمارے لوگوں کو جھوٹی ایف آئی آر پر بند کرتی ہے، ہم چاہتے ہیں، ہم آپ کے ساتھ ہیں لیکن پولیس کو راہ راست پر لائیں، اس کو مثالی پولیس بنائیں، اس کو سمجھائیں کہ آپ عوام سے ہیں، عوام آپ کے ہیں، بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Windup کریں جی، Thank you۔ بابک صاحب! چې کومه خبره اوکړه، تاسو ټول پارلیمانی لیډرز په دې باندې دغه اوکړئ جی، پرون تاسو ته پته ده، پوره ورځ کښې شپږ کټ موشن اوشو جی او دا دے که داسې روان وی نو زه به سوا پانچ بجې بیا موشنز لګوم، سوا پانچ پورې چې څومره شوی وی نو ټهیک ده، ګنی بیا به زه په هغې باندې موشن لګوم۔ جی وقار احمد خان صاحب۔

